لا فتی الا علی لا سیف الا ذو الفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۲	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۴ رمضان المبارک ۱۳۳۹ھ مطابق ۲۳ مئی ۱۹۲۱ء	نمبر ۲۱

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تبادلہ تحصیلداران صاحبان بتعلق کارجنٹری سرسوتی مشرقی ضلع محمد نگر بلند	۱و۲
۲	مو تعیناتی تحصیلداران صاحبان	،،
۳	انتظام کار کفالت بزمانہ رخصت صاحب انجنیر	،،
۴	رخصت سپاہی عمارت / تقرر جعفر علی خان صاحب جج	۲
۵	تقرر و رخصت سپرنٹنڈنٹ	۳
۶	رخصت نائب محافظ دفتر صدر	۳
۷	ترمیم تبادلہ تحصیلداران صاحبان	،،
۸	عطاء سند وکالت	،،
۹	رخصت مولوی سعید احمد صاحب	،،
۱۰	نرخنامہ اجناس	ضمیمہ
۱۱	علاوہ جنرل میونسپل کمیٹیان	،،

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۲ مئی ۱۹۲۱ء

۱۔ بسب استعفا جار صاحب ریونیو سکریٹری بہادر منشی حیدر رضا خان تحصیلدار سوار کا تبادلہ انکی موجودہ تنخواہ پر حضور تحصیل کو منظور کیا جاتا ہے۔ اور منشی جمیل خان تحصیلدار حضور تحصیل تحصیل ملک مین اپنی موجودہ تنخواہ پر تعینات کئے جاتے ہین۔

۲۔ منشی محمد جمیل خان کو ملک پہنچنے کے واسطے صاحب ریونیو سکریٹری بہادر مناسب جوائننگ ٹائم دیدین اور اسی سلسلہ مین دیگر تحصیلداران کا تبادلہ بھی کرنا چاہین تو کر دین۔

۳- چونکہ منشی محمد جمیل خان کا شہر سے تبادلہ ہوگیا لہذا بخشاے روبکار یکم نومبر ۱۹۱۲ء جو کام مجسٹریٹی سرسری کا وہ انجام دیتے تھے وہ آیندہ منشی مشفع احمد ناظم بلا کسی الاونس کے انجام دین - اور منشی جمیل خان جو الاونس جوڈیشلی سے پاتے تھے وہ مسدود کیا جائے -

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون - دستخط میر منشی صاحب اجلاس ہمایون

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

بندگان حضور پرنور کے بحکم ۱۲ مئی ۱۹۲۱ء تبادلہ تحصیلداران کی منظوری ہوئی ہے لہذا بصراحت ذیل امور کی پابندی وقت لینے چارج کے ہر تحصیلدار کو لازم ہے -

(۱) بیکہ وصول باقی کے متعلق ہر تحصیلدار چارج لینے کے وقت پوری واقفیت حاصل کرلیجائے تاکہ بعد کو دقت نہو - سایر پنچ کی بابت بھی پوری واقفیت حاصل کرلیجائے کہ اسپر کچھ قرضہ وغیرہ تو نہیں ہے - اور کیا صورت اسکی بیباقی اور صفائی حساب کی ہوگی -

(۲) علاوہ اسکے ایک ایسی فہرست جداگانہ بھی حاصل کیجاوے کہ فلان فلان مستاجر کی حالت قابل نگرانی باعتبار سبیل بقایا ہے -

محمد حیدر رضا خان تحصیلدار رخصتی پر ہون بروز ہفتہ ۱۴ مئی ۱۹۲۱ء کو محمد جمیل خان تحصیلدار حضور تحصیل سے چارج لیلیوین اور جمیل خان تحصیلدار حضور تحصیل ایک ہفتہ کے اندر تحصیلدار ملک سے چارج لے لین - اور محمد فیروز شاہ خان تحصیلدار ملک چار دن کے اندر تحصیلدار شاہ آباد سے چارج لیلیوین اور سید علی منظر تحصیلدار شاہ آباد چار دن کے اندر قایم مقام تحصیلدار سوار سے چارج لیلیوین اسی کے موافق احکام ضابطہ جاری ہون - مگر یہ قائم مقام تحصیلدار سوار اسیوقت تک تحصیلدار سوار کا کام انجام دیتے ہین جبتک کے سید علی منظر تحصیلدار انسے چارج لین ۱۲ مئی ۱۹۲۱ء چونکہ یہ وقت تحصیل وصول کا ہے اسواسطے طریقہ صحیح سطور بالا معین کیا گیا ہے - کہ ہر تحصیل مین وقت تبادلہ تک کام تحصیل وصول پوری تندہی سے جاری ہے اگر سطور بالا کے برخلاف کسی تحصیلدار نے وصول تحصیل مین پہلو تہی کی تو سخت موجب ناخوشی ہوگا

تاریخ ۔۔۔ صدور

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۱۲ مئی ۱۹۲۱ء

زمانہ رخصت صاحب ایکزیکیٹو انجینیر مین جو انتظام کام تعمیرات کی صراحت یادداشت مرقومہ ۸ مئی ۱۹۲۱ء مین کی گئی ہے منظوری دیگئی

۱- صاحب اسسٹنٹ انجینیر جنکے چارج مین عمارات شہر ہین ایکزیکیٹو انجینیر کا انچارج رہینگے

۲- منشی شبیر احمد خان سپروائزر تعمیرات بیرونجات اسسٹنٹ انجینیر کا انچارج رہینگے

۳- کارہای تعمیرات سنگ ہای بیرونجات بہ نگرانی منشی پربھو لال سب اوورسیر جو پیشتر بھی کارہای شہر کے انچارج رہچکے ہین انجام پاینگے -

۱۲ مئی ۱۹۲۱ء

حسب رپورٹ صاحب ہوم سکریٹری بہادر - رعایتی رخصت چار ماہ منشی عبد الصمد سب اوورسیر تعمیرات کی بغرض ادای فریضہ حج بیت اللہ شریف منظور فرمائی گئی - تنخواہ بعد واپسی ملیگی -

۱۰ مئی ۱۹۲۱ء

مزید رخصت یکماہ منشی عماد اللہ خان صاحب جج کی بوجہ علالت با انتظام موجودہ منظور فرمائی گئی -

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۱ مئی سنہ ۱۹۲۱ء

مزید رخصت شانتا پرشاد واصلہ اجلاس ہذا کی بوجہ علالت ۱۰ مئی سنہ ۱۹۲۱ء سے ۲۳ مئی تک حسب تصدیق معالج منظور کی گئی۔ زمانہ رخصت میں حامد حسین محرر محافظ خانہ صدر کام انجام دیگا۔ اور حامد حسین کی کام انتظام سررشتہ دار صاحب صدر کرینگے

۱۲ مئی سنہ ۱۹۲۱ء

حسب رائے حاکم صاحب صدر و تصدیق سررشتہ دار صاحب صدر۔ صاحبزادہ سید وصی علیخان بہادر نائب محافظ دفتر صدر کلیات کی رخصت یکماہ بغرض روانگی کوہ بوجہ علالت بذمہ داری منشی ہزاری لال نائب محافظ دفتر صدر منظور ہوئی۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۱۵ مئی سنہ ۱۹۲۱ء

بمشاء حکم ۱۲ مئی سنہ ۱۹۲۱ء جو احکام تبادلہ تحصیلداران کا اجرا ہوا ہے سردست بنظر مناسب تعیین، بقدر ترمیم کیجاتی ہے کہ محمد حیدر رضا خان تحصیلدار رخصتی تحصیل حضور میں اور محمد جمیل خان تحصیلدار حضور تحصیل سے تحصیل ملک کو اور محمد فیروز شاہ خان تحصیلدار ملک سے تحصیل سوار کو تبدیل کئے جائیں۔ سید علی منظور تحصیلدار شاہ آباد کا تبادلہ سردست ملتوی کیا جاے۔ جبتک کہ تحصیلدار ملک محمد فیروز شاہ خان تحصیل سوار پہنچکر چارج نہ لے لیں اسوقت تک امتیاز علیخان نائب تحصیلدار ہیڈکوارٹر قایم مقامی کا کام سوار میں انجام دیتے رہیں۔ حکم ہوا کہ بمشاء عبارت بالا فوراً احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ملخص احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

سند وکالت

۱۴ مئی سنہ ۱۹۲۱ء

منشی عبدالرزاق خان ولد محمد عبدالصمد خان ساکن رامپور محلہ گھیر بخشی مرتضی خان کو سند وکالت درجہ اول عطا کی گئی۔ اور امتحان سے مستثنیٰ سمجھے گئے۔

رخصت

۱۷ مئی سنہ ۱۹۲۱ء

مولوی سید احمد پیشکار منشیر قانونی کی رخصت دس یوم بوجہ علالت والد پیشکار موصوف ۱۷ مئی سنہ ۱۹۲۱ء سے منظور ہوئی۔

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتداء ۱۵ لغایت ۲۱ مئی ۱۹۲۱ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۵۰؍	۰	۰۶؍			۵۰؍	
نخود خالص	۵۰؍		۶؍			۶؍	
نخود کستہ آمیز	۶؍		۷۰؍			۶؍	
کستہ	۶۰؍		۷۰؍			۷؍	
ماش	۵؍		۵؍			۵؍	
مونگ	۳؍		۴؍			۴؍	
مکا	۷؍		۰			۸؍	
جئی	۰		۹؍			۱۰؍	
گوجئی	۶؍		۶۰؍			۷؍	
عدس	۷؍		۷؍			۶؍	
ارہر	۶۰؍		۷؍			۶؍	
برنج	۳۰؍		۴؍			۵؍	
روغن زرد	۶ چھٹانک		سیر؍			سیر؍	
روغن سیاہ	۱؍		۱۰؍			۲؍	
روغن کنجد	۱؍		۱؍			۵؍	
نمک سانبھر	۶؍		۹؍			۹؍	
نمک لاہوری	۵۰؍		۶؍			۷؍	
تل سیاہ	۳؍		۲؍			۲۰؍	
باجرہ	۰		۰				

نقل حکم اجلاس صاحب ممدوح سکرٹری بہادر

واقع ۹ مئی سنہ ۱۹۲۱ء

مثل روئداد جنرل کمیٹی میونسپل منعقدہ ۱۵ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء

دربارہ تصفیہ امور مندرجہ روئداد کمیٹی

روئداد جنرل کمیٹی میونسپل منعقدہ ۱۵ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء پیش ہو کر ملاحظہ ہوئی ہر ایک امر کی بابت مفصل ذیل نمبروار تجویز کیا جاتا ہے۔

۱- ملاحظہ ہوا تجویز ممبران کمیٹی مناسب ہے۔

۲- ملاحظہ ہوا خدمت میں میونسپل افسر صاحب کے لکھا جائے کہ اس معاملہ میں جانچ کر کے مفصل تحریر ارسال اجلاس ہذا کی جائے۔

۳- ملاحظہ ہوا اگر محلہ داران چندہ دینے پر رضامند ہوں تو ٹھیکہ درست میں [illegible]

۴- ملاحظہ ہوا آئندہ منادی کرا دی جائے کہ ہر ایک [illegible] کا اندراج رجسٹر اندراج [illegible] موجودہ [illegible] میں کرایا جایا کرے۔

۵- ملاحظہ ہوا تجویز ممبران کمیٹی مناسب ہے۔

۶- ملاحظہ ہوا بحالت گنجائش بجٹ تخمینہ مرتب کرا کے پیش کیا جائے۔

۷- ملاحظہ ہوا تجویز ممبران کمیٹی مناسب ہے

۸- ملاحظہ ہوا تعمیر [illegible] میونسپلٹی [illegible] کے بابت جو کاغذات اجلاس ہذا میں [illegible] ملاحظہ پیش کیے جائیں۔ لہذا اجلاس کو اطلاع دی جائے۔

۹- ملاحظہ ہوا اس معاملہ میں [illegible] حکم صادر ہو چکا ہے کہ [illegible]

۱۰- ملاحظہ ہوا نسبت گنجائش بجٹ میونسپل افسر صاحب سے کیفیت طلب ہو۔

۱۱- ملاحظہ ہوا یہ معاملہ زیر تجویز ہے آئندہ اس معاملہ میں غور کیا جائیگا۔

حکم ہوا کہ

ایک نقل حکم ہذا اطلاعاً و تعمیلاً خدمت میں میونسپل افسر صاحب کے مرسل ہو اور انتخاب روئداد کمیٹی برائے اندراج گزٹ شیخ کو مرسل ہو

روئداد جنرل میونسپل کمیٹی منعقدہ ۱۵ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء

جناب مولوی عبدالحمید صاحب پریزیڈنٹ کمیٹی باتفاق [illegible]

واقع ۱۵ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء

ممبر صاحبان بلا زمان	ممبر صاحبان غیر بلا زمان
۱- صاحبزادہ [illegible] علی خان صاحب بہادر میونسپل سکرٹری	۱- مبارک علیخاں صاحب جاگیردار
۲- منشی گوپی ناتھ صاحب میر منشی اجلاس [illegible]	۲- عطاء اللہ خان صاحب ممبر
۳- فیاض علیخان صاحب پیشکار	۳- لالہ جانکی پرشاد صاحب
	۴- لالہ رام کنور صاحب

امورات تصفیہ طلب	تجویز ممبران کمیٹی
۱- درخواست [illegible] لال [illegible] شکایت [illegible] نسبت [illegible] طلب [illegible]	باتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ [illegible] دریافت کیا گیا [illegible] بیان سے [illegible] ثابت ہے لہذا [illegible] جرمانہ وصول کیا جائے [illegible] اور بحالت [illegible] ادخال [illegible] کے بعد چھوڑ دیا جائے۔
۲- نوٹ سکرٹری صاحب [illegible] اپریل کی شب میں [illegible] مال [illegible] آیا [illegible] محرر و سپاہی [illegible] آئندہ مال [illegible] حاضر ہوا [illegible] نہیں تھا قریب [illegible] آئندہ مال [illegible] کے مکان پر حاضر ہوا مال کی جانچ کر کے بعد تحریر بیان [illegible] بابت محصول [illegible] مال چھوڑ دیا گیا اور [illegible] آئندہ مال [illegible]	باتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ محرر و سپاہی دونوں [illegible] غیر حاضر ہو جانے سے سرکاری بہت زیادہ نقصان متصور ہے [illegible] کوئی نہیں تھا اور [illegible] گیا [illegible] آئندہ مال [illegible] کام [illegible] اور نہ یہ نقصان ضرور ہوتا محرر و سپاہی [illegible] کے قابل ہیں [illegible] سپرنٹنڈنٹ چونگی [illegible] جواب لیا گیا [illegible] بعد آئندہ کمیٹی میں یہ معاملہ پیش ہو۔
۳- عرضی محلہ داران [illegible] شکایت [illegible]	باتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ [illegible]

ہے کہ خاص طور پر شہر کا گوڑ گر گیا ہے اور چاروں طرف چونی بالکل نہیں ہے اور پکی اینٹ پختہ ٹوٹ گئی ہے آدمی گر جانے کا اندیشہ ہے جسکے باعث سے عوام کو سخت تکلیف ہے پانی اس مقام پر دور تک نہیں ہے تقریباً سو روپیہ میں کافی طور پر درست ہو جاویگی

۴۔ نوٹ سپرنٹنڈنٹ چونگی در بارہ اطلاع بنام اندراج بلٹی ہمراہی مال و نہونے اندراج چند بیجک کی بوجہ عدم تقمیت دکان داران

کی آبادی سے پہلے کا بنا ہوا ہے کہیں کہیں سے بھی وگوا گر جانے اور من پختہ پشتہ کے ہو جانیکی وجہ سے حالت نہایت مخدوش ہے اور واقعی اس مقام پر دور تک پانی نہیں ہے جسکی وجہ سے عوام کو سخت تکلیف ہے درست ضرور ہونا چاہیے۔ معلوم ہوا کہ وقت توسیع سڑک پختہ چاہ شور کچھ آراضی محمد زمان خان صاحب کی جو باہر بازار میں توسیع سڑک میں آ گئی تھی جسکے معاوضہ کا بل تعدادی مبلغ نوے روپیہ چند آنہ خزانہ صدر میں بحراشدہ رکھا ہوا ہے جسمیں محمد زمان خان صاحب کی یہ خواہش ہے کہ یہ روپیہ کسی مقام پر چاہ پختہ آبنوشی بنشان میونسپلٹی تعمیر کرا دیں نقد روپیہ لینا صاحب موصوف کو منظور نہیں ہے جسکی وجہ سے بل معاوضہ خزانہ صدر میں جمع ہے۔ زیر تعمیل ہے چونکہ یہ کام ضروری اور ثواب عظیم کا ہے اسلئے یہ مناسب ہے کہ رقم مذکورہ خزانہ صدر سے میونسپلٹی کو نقد رحمت ہونیکا حکم جلالتمآب اجلاس صاحب ممبر سکرٹری بہادر سے بنام ڈپٹی انصاحب صادر فرمایا جاوے تاکہ رقم مذکورہ سے یہ چاہ بھی درست ہو جاوے اور بحیثیت میونسپلٹی پر بار نہ پڑے اور یہ ضروری کام ہو جائے

بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ میونسپلٹی سے یہ تجویز پاس ہو چکی ہے کہ ایک رجسٹر اندراج بلٹی ہمراہی مال چونگی رکھا جائے چنانچہ رجسٹر میں اندراج ہو رہا ہے یہ ہی پورے طور سے دکان داران

۵۔ نوٹ لالہ ہرنام سنگھ ممبر بابت بند ہونے نالی محلہ [illegible] سدر گنج کے شمالی دروازہ کی نالی کی رو کا [illegible] گر گئی ہے جسکی تلف ہوئے جاتے ہیں اور نالہ متصل سپرنٹنڈنٹ صاحب بہادر ذات خاص کے جو کے اتے جاتے ہیں جسکی وجہ سے عوام کو سخت تکلیف ہے

۶۔ گھیر منشی الا [illegible] سوتیاں [illegible] پیش مکان بنارسی داس راستہ میں گڈھے پڑ گئے ہیں جسکی وجہ سے عوام کو سخت تکلیف ہے۔

۷۔ محلہ [illegible] میں متصل مکان رام موہن [illegible] کا پانی ملوہ جمع ہے اور یہ ملوہ مکاندار کا ہے جسکی وجہ سے راستہ بند ہے۔

۸۔ میونسپل آفس میں کوئی عمارت محافظ خانہ میونسپلٹی چونگی کے نام سے نہیں ہے جسکی وجہ سے دفتر کی حالت خراب ہے۔ تخمینہ تعمیر مبلغ دو سو اٹھتر روپیہ بارہ آنہ ہے

۹۔ متصل فراشخانہ جو پیشاب خانہ تعمیر ہوا ہے اس میں اکثر لوگ پاخانہ کر جاتے ہیں جسکو میونسپلٹی وقتاً

کو اطلاع نہیں ہے جسکی وجہ سے اندراج رہ جاتا ہے آئندہ بآواز ڈھول شہر میں اعلان کرا دیا جائے اور تجویز درج گزٹ ہونے سے بھی اعلان ہو جائیگا

بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ اول ذریعہ اوور سیر میونسپلٹی تخمینہ درست ہونا چاہیے اوسکے بعد نسبت درست آئندہ کمیٹی میں تجویز کی جاویگی

بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ اول ذریعہ اوور سیر میونسپلٹی تخمینہ درست مرتب ہونا چاہیے۔ اسکے بعد آئندہ کمیٹی میں تجویز کی جاویگی۔

بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ مکاندار کے نام نوٹس میعادی تین یوم جاری کیا جائے کہ فوراً ملوہ علیحدہ کرا دے ورنہ میونسپلٹی اپنے ذریعہ سے ملوہ اوٹھوا دے اور صرفہ مکاندار سے وصول کر لیا جائے۔

بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ واقعی محافظ خانہ کی عمارت نہونیکی باعث سے رجسٹرات میونسپلٹی و چونگی گودام میں بے ترتیب پڑے ہوئے ہیں۔ مصارف بھی قلیل ہیں تخمینہ کی منظوری ہو کر محافظ خانہ تعمیر ہونا چاہیے دیگر اضلاع کے میونسپلٹی میں محافظ خانہ جدا بنے ہوئے ہیں۔

بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ کام ضروری ہے اور قلیل مصارف میں یہ شکایت رفع ہو سکتی ہے

تو نقصان کرا دیتی ہے۔ متصل بازار نظر زنانہ
پیشاب خانہ کی تعمیر ہوکر کہول دیا جائے جسکا
تخمینہ مبلغ اکیاون روپیہ ہے۔

۱۰۔ گنج قدیم کا بڑا نالہ ہے اوسکو درمیان جنبہ
واڈین ٹوٹ گئی ہین جسکی وجہ سے عوام کو سخت
تکلیف ہو اور دوبکار پرچہ اخبار الجلاس
ہمایون بہی شامل کاغذات ہذا مین تخمینہ
مبلغ نواسی روپیہ ہے۔

۱۱۔ درخواست محمد تقی دربارہ لینے ٹہیکہ
ذبیحہ جدید اس میں بلا بہینس روپیہ درخواست
اسمٰعیل خان ٹہیکہ دار۔

بعد منظوری جلد کام بنوا دیا جائے

بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ واقعی کام
نہایت ضروری ہے جسکے باعث عوام
کو سخت تکلیف ہے اور چند راستہ گیر اس نالہ
مین گر گئے ہین جنکے زائد چوٹ آئی ہے
تخمینہ بہی قلیل ہے بعد منظوری کام جلدی ہوجانا چاہئے
تاکہ یہ شکایت رفع ہوجائے۔

بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ ریاست
مین ذبح بیل و بہینس کا ٹہیکہ کسی وقت مین
نہین ہوا ہے اور نہ کبہی جاری ہوا پیشتر بہی
کے اندر بیل و بہینس کا گوشت فروخت ہوا کیا
جب سے یہ ٹہیکہ ہوا ہے گا یون ذبح ہونا بجائے
کم ہوگئین مبلغ کا نقشہ جو پیش ہوا ہے
اوسکے معائنہ سے بہت گایون کا اوسط ذبح
جو مصارف شادی و میت کل آبادی شہر
کو کافی نہین ہین اسی سے ثابت ہوتا ہے
کہ دکانات پر گوشت گاو قطعی فروخت
نہین ہوتا ہے کسی دکان پر تختی بہی نہین
جس سے یہ معلوم ہوسکے کہ اس دکان پر گائے
کا گوشت فروخت ہوتا ہے۔ شریف
اشخاص نے گوشت کہانا قطعی چہوڑ دیا ہے
قصابان نے اپنی چالاکی سے دہوکہ دیکر
مضافات علاقہ اور دیہات مین بیل و بہینس

ذبح کرکے کثیر منافع اوٹہاتے ہین اوسیطرح شہر مین بہی یہ جدید ٹہیکہ قائم کرکے
گذرانی اور سرکاری جانب سے تہوڑے سے نفع سرکار کے علاوہ پبلک کے نقصان
نقصان اور تکلیف پر غور نفرما کر منظوری ٹہیکہ کی دیدی گئی اس ٹہیکہ مین پبلک کا بہت
بڑا نقصان ہے اور قصابان کا بیحد نفع ہے جسکی وجہ سے کچہ ایام مین قصابان بجائے
متمول ہوکر پبلک کو نہایت نقصان پہونچیگا۔ پندرہ بیل و بہینس ذبح ہونیکا
دیا گیا ہے چوبیس روپیہ یومیہ اور سات ہزار روپیہ سالانہ کی آمدنی سرکاری سے
ٹہیکہ دار جو پندرہ راس بیل و بہینس خرید کرتا ہے اوسکی قیمت زیادہ سے زیادہ
پندرہ روپیہ تک ہوسکتی ہے فی راس بارہ روپیہ آٹہہ آنہ کا اوسط ہوتا ہے پندرہ کی
قیمت مبلغ ایک سو ستاسی روپیہ آٹہہ آنہ ہوتی ہے ایک راس مین تین من گوشت کا
اوسط ہے شہر مین پانچ آنہ سیر گوشت فروخت ہورہا ہے پندرہ راس کا پینتالیس
من گوشت ہوا فی سیر پانچ آنہ کے حساب سے گوشت کی قیمت بالمسوا پانسو باسٹھ روپیہ آٹہہ آنہ
ہوئی اور پینتالیس روپیہ قیمت کہال و دیگر روپیہ قیمت آلائش شامل کرنے سے
مجموعی قیمت چہہ سو تیئیس روپیہ آٹہہ آنہ ہوئے بچہتر روپیہ یومیہ پندرہ راس مین
قدیم رقم ٹہیکہ چوبیس روپیہ اور مزد ملازمان وغیرہ ... گوشت و
کہال تعدادی مبلغ چہہ سو تیئیس روپیہ آٹہہ آنہ مین بچاسی روپیہ محصولات اور
ایک سو ستاسی روپیہ آٹہہ آنہ قیمت راس نکالکر مبلغ دو سو تیئیس روپیہ آٹہہ آنہ
منہا کردینے سے مبلغ چارسو روپیہ یومیہ کا خالص منافع ٹہیکہ دار کو ہے جسکی
رقم مبلغ بارہ ہزار ماہوار سالانہ ایک لاکہہ چوالیس ہزار ہوئی اور چہہ راس کی علاوہ
درخواست ہے اسکی منظوری ہوجانے پر اسی حساب سے مبلغ ایک سو ساٹہہ روپیہ کا
نفع ٹہیکہ دار کو رہیگا جسمین کل مصارف مجرا دیکر ایک سو ساٹہہ روپیہ یومیہ کا نفع
ہے اسکی ماہانہ رقم چالیس ہزار آٹہہ سو روپیہ اور سالانہ مبلغ ... ہزار چارسو روپیہ ہوئی
مجموعی خالص منافع بعد وضع قیمت راس محصولات مذبح وغیرہ پندرہ و چہہ
راس بیل و بہینس کے ذبح ہونے مین مبلغ سولہ ہزار آٹہہ سو روپیہ ماہوار اور دو لاکہہ
ایک ہزار چہہ سو روپیہ سالانہ رہیگا دوسرا سبب ٹہیکہ مین قطع کا یہہ ہے کہ اگر یہ ٹہیکہ
نہین ہوتا تو بیل و بہینس کے گوشت کا نرخ زیادہ سے زیادہ ڈہائی آنہ سیر فروخت ہوتا

اب پانچ آنہ سیر فروخت ہو رہا ہے الغرض نرخ ہے
اس حساب سے ٹھیکدار کو پینتالیس من گوشت میں
مبلغ دو سو اکیاسی روپیہ یومیہ کا نفع ہے جسمیں چوبیس روپیہ
یومیہ سرکاری ٹھیکہ کے ادا کرکے مبلغ دو سو ستاون روپیہ چار آنہ
یومیہ اور ماہانہ مبلغ سات ہزار سات سو ستر روپیہ آٹھ آنہ
اور سالانہ مبلغ بانوے ہزار چھ سو دس روپیہ خالص منافع
پندرہ راسون کے ٹھیکہ میں ہیگا اور آیندہ جو چندہ سو کو
ٹھیکہ کی تجویز ہے اوسمین بھی اسی حساب سے مبلغ
تین ہزار ستاسی روپیہ ماہوار اور مبلغ سینتیس ہزار
چوالیس روپیہ سالانہ منافع کے ٹھیکدار کو ملینگے -
جسکی مجموعی تعداد بعد محسوبی کل مصارف مبلغ دس ہزار
آٹھ سو چار روپیہ آٹھ آنہ ماہوار اور مبلغ ایک لاکھ انتیس ہزار
چھ سو چون روپیہ سالانہ کا منافع رہیگا اگر چندے یہ
ٹھیکہ قایم رہا تو کچھ ایام میں قصابان رامپور و ٹھیکدار
نہایت متمول ہو جائینگے اور عام پبلک میں گرانی کے
نرخ کو برداشت نکرکے مفلوج برباد ہو جائینگے اور ایسے کثیر
منافع کا اثر عامہ پبلک کی ذات جایداد پر پڑیگا جس سے کہ رعایا
ایکروپیہ میں ایک آنہ بھی نفع نہیں ہے بوجوہ بالا کمیٹی کے نزدیک
نہیں ہے کہ ٹھیکہ قایم رکھا جائے جس سے رعایا شہر کو علاوہ تکلیف کے
ایسا کثیر نقصان پہونچے اور سرکار کو بہت قلیل آمدنی ہو کر قصابان
و ٹھیکداران کو ایسا کثیر نفع پہونچایا جائے اسلیئے کمیٹی کی رائے میں
ٹھیکہ توڑ انام ہو کر چالیس گاے ذبح ہونگی بابتہ قصابان کو
پہونچا ماہوار کیا جاوے تاکہ علاوہ شکایت پبلک کو یہ کثیر نقصان
نہ پہونچے رعایا کے ایسے کثیر نقصان کے مقابل میں سرکاری
بہت قلیل آمدنی ہونا کمیٹی کی رائے میں غیر مناسب ہے

نقل حکم اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر

واقع ۲۲ اپریل ۱۹۲۳ء

روداد جنرل کمیٹی میونسپل منعقدہ ۲۲ اپریل ۱۹۲۳ء پیش ہو کر ملاحظہ ہوئی ہر ایک امر کی بابت نمبروار منفصلہ ذیل تجویز کیا جاتا ہے -

۱- بقصور غیر حاضری یکہ شکرم و تانگہ والوں پر مفصلہ تحت مبلغ تیئیس روپیہ آٹھ آنہ جرمانہ کیا جائے اور زر جرمانہ نامبردگان سے وصول کرکے حسب قاعدہ سیاہہ کرایا جائے اور آیندہ کیواسطے ہدایت کر دیجائے کہ تاریخ معینہ پر حاضر ہوا کریں اور جس تانگہ کا جانور کمزور ہے اوسکو خارج کیا جائے

یکہ چوبیس ۲۴	تانگہ سلوتا دس	تانگہ ٹپ دار تین	شکرم ایک
فی ۸ ر	فی ۱۲ ر	فی عہ	عہ

۲- قصابان کا اقرار نامہ بابت ذبح کرنے اکیس مادہ گاؤ یومیہ تحریر کرایا گیا ہے اسواسطے جلسہ آیندہ کمیٹی میں بابت ذبیحہ مادہ گاؤ قصابان کو ہدایت کرنے کی ضرورت نہیں ہے -

۳- گودام میونسپلٹی میں جسقدر سامان خارج ہو گیا ہے اسکی فہرست قسم وار مرتب کرکے ارسال اجلاس ہذا کی جائے اور جو سامان کار آمد ہو اسکو گودام میں باقاعدہ رکھوا دیا جائے -

۴- ملاحظہ ہوا تجویز ممبران کمیٹی مناسب ہے

۵- ملاحظہ ہوا تجویز ممبران کمیٹی مناسب ہے -

۶- ملاحظہ ہوا تجویز ممبران کمیٹی مناسب ہے -

لہذا حسب ذیل حکم ہوا کہ

ایک نقل حکم ہذا خدمت میں پریسیڈنٹ صاحب کے اطلاعاً و تعمیلاً مرسل ہو اور انتخاب روداد کمیٹی برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو

دستخط
صاحب ہوم سکرٹری بہادر

روئداد جنرل میونسپل کمیٹی منعقدہ ۲۲ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء
جناب مبارک علیخان صاحب جاگیردار پریزیڈنٹ باتفاق رائے

شرکا ملازمان

۱- صاحبزادہ وقیدت علیخان صاحب میونسپل افسر

۲- منشی فیاض علیخان صاحب پیشکار

شرکا غیر ملازمان

۱- مولوی عجاز حسین صاحب وکیل

۲- ایوب شاہ خان صاحب ممبر

۳- لالہ سالگرام صاحب ممبر

۴- لالہ بنارسی داس صاحب ممبر

۵- لالہ ہرنام سنگھ صاحب ممبر

۶- لالہ شب چرنداس صاحب ممبر

امورات تصفیہ طلب

۱- کمیٹی ۱۵ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء میں معائنہ یکہ و شکرم و تانگہ ٹپدار و ریلو نما جلسہ کمیٹی میں ہوا تھا بہت سے جانور لاغر و کمزور تھے اور بعض بعض کا سامان خراب تھا اونکو درستی سامان و طیاری جانوران کیلئے ہدایت کر کے مہلت دی گئی بہت سے یکہ و تانگہ جلسہ کمیٹی سابقہ میں باوجود اطلاع کے حاضر نہیں ہوئے اونکی حاضری کیلئے جمعدار و سپاہیان کو ہدایت ہوئی تھی کہ جلسہ کمیٹی آیندہ میں حاضر کئے جاوین جلسہ ہذا میں مفصلہ ذیل یکہ ۲۵ تانگہ ریلو نما ۱۰ تانگہ ٹپدار ۳ شکرم ۱ حاضر نہیں ہے انکی بابت کیا تجویز ہونا چاہیے۔

تجویزات کمیٹی

بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کے ایکہ تانگہ والے عادی اس امر کے ہیں کہ باوجود اطلاع کے تاریخ معائنہ پر حاضر نہیں ہوتے ایک موقع اور دیا جاوے اور اس مرتبہ حسب ذیل جرمانہ

یکہ	تانگہ ریلو نما
۲۵	۱۰
فی ۸	فی ۱۲

تانگہ ٹپدار	شکرم
۳	۱
فی ۱۲	۱۲

وصول کیا جاوے

آیندہ کیلئے کافی طور سے ہدایت کیجاوے کہ تاریخ معائنہ پر اگر حاضر نہیں ہوئے تو سخت بازپرس کی جائیگی ایک یکہ کا جانور منجملہ ۲۵ یکون کے بہت کمزور ہے اوسکو خارج کیا جائے اور مالکان یکہ و تانگہ و شکرم سے رقم جرمانہ وصول ہو کر بیانجام ...

۲- کمیٹی سابقہ یکم اپریل سنہ ۱۹۲۱ء میں تجویز اجلاس عالی سے منظور ہو چکی ہے کہ قصابان کو کافی طور سے فہمائش کر دیجائے کہ تقریباً بیس مادہ گاؤ ذبح کیا کرین اس تعداد سے کمی ہو اگر تعداد مذکورہ سے ذبیحہ مادہ گاؤ میں کمی ہوگی تو سخت بازپرس کی جائے گی۔

۳- نوٹ دفتر میونسپلٹی

گودام میونسپلٹی میں جو خارج شدہ لکڑی وغیرہ پڑی ہوئی ہے جو قابل نیلام ہے اس سامان کے متعلق کمیٹی سے رائے لیجائے کہ سامان مذکورہ گل کر مٹی ہو جائیگا اسکے متعلق کیا رائے ہے۔

۴- نوٹ لالہ شب چرنداس صاحب ممبر

۱۹ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء بنابر معائنہ موقع درخواست منشی سکھ باسی لال صفائی حلقہ صفائی اچھی ہے کسی جگہ کوڑہ وغیرہ نہیں ہے۔ البتہ معروضہ ذیل قابل غور ہین

یہ معاملہ موجودگی قصابان جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہوا قصابان سے گفتگو کیگئی ہیں اسون کے ذبح کرنے مین قصابان عذر دار ہین شہر مین اس کام کرنیوالے بیس اسم ہین جنکی فہرست مرتب کر لیگئی اور فی اسم ایک راس مادہ گاؤ ذبح کرنیکی بابت قصابان کو آمادہ کیا گیا جلسہ ہذا مین صرف تین قصاب حاضر ہین لہٰذا بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ جلسہ آیندہ مین یہ معاملہ پیش کیا جاوے اور قصابان کو ہدایت حاضری کی جائے۔

بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ ایسے سامان کی فہرست مرتب ہو کر دفتر میونسپل آفس مین قسم وار سامان کے چٹھہ بندی ہو کر بعد اعلان نیلام کر دیا جاوے کہ گودام صاف ہو جائے اور ایسے خراب ہو جانے والے سامان کی قیمت وصول ہو جائے سامان موجودہ گودام کارآمد نہین ہے جسقدر سامان کارآمد ہے وہ علحدہ گودام مین رکھوا دیا جائے۔

بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ کوڑہ جو متصل مکان بلدیو پرشاد جمع ہے اسکی بابت نوٹس میعادی تین یوم مالک مکان کو دیا جائے کہ فوراً کوڑہ اٹھوا کر صفائی کرا دیجائے ورنہ بعد

ایک اراضی متصل مکان پنڈت بلدیو پرشاد پسر پنڈت کینشی لال مرحوم افتادہ کسی برہمن کی ہے اوس میں کوڑہ بکثرت جمع ہے جس سے اندیشہ بیماری کا ہے معلوم ہوتا ہے کہ اوس آراضی کو اہل محلہ نے کوڑہ گھر بنا رکھا ہے مالک مکان کو ہدایت ہونا چاہئے کہ وہ آراضی کی صفائی کراوے اور آیندہ کو نگرانی رکھی جائے کہ کوڑہ فراہم نہو محلہ بدریہ جیبو خان سے جو راستہ باغ خرمہ والی کو گیا ہے اوس راستہ کی پلیہ ٹوٹ گئی ہے اور جو راستہ سڑک کو محلہ سادہ کاران کو گیا ہے اوسکی بھی پلیہ ٹوٹ گئی ہے ان پلیوں کے ٹوٹ جانے سے اہل محلہ کو آمد و رفت گاڑی وغیرہ میں سخت دقت ہے اور پانی نالی کا بھی بوجہ خرابی پلیہ بند ہو جاتا ہے۔	انقضائے میعاد میونسپلٹی خود کوڑہ اٹھوا کر صرفہ مالک مکان سے وصول کیا جائے۔ آیندہ کیلئے سپاہی چوبدار کو ہدایت نگرانی کی جائے محلہ بدریہ جیبو خان و محلہ سادہ کاران کی جو پلیاں ٹوٹ گئی ہیں واقعی اونکے ٹوٹ جانے سے نہایت تکلیف ہے اول ذریعہ اوورسیر میونسپلٹی تخمینہ مرمت پیش ہونا چاہئے
۴- تھانہ چوک متصل مسجد عثمان خان جہاں سے شروع ہوا ہے وہ نہایت خراب پایا گیا جابجا کوڑہ و راکھ راستہ میں پڑی تھی ڈاکٹر عبدالحکیم خانصاحب کی طبیعت خراب ہے انکی مزاج پرسی کیلئے زیادہ تر صاحبان تشریف لا رہے ہیں۔	تھانہ چوک گھیر عثمان خان کی بابت معلوم ہوا کہ صفائی ہو گئی اور ایک خاکروب وہاں کی صفائی کیلئے متعین ہے اب کسی مزید انتظام کی ضرورت نہیں ہے سپاہی و جمعدار حلقہ کو ہدایت کر دی جائے کہ روزانہ نگرانی رکھیں۔
۵- نوٹ لالہ سانگرام صاحب ممبر حلقہ مندرجہ کتاب معائنہ ہمراہی شیخ احمد خان سپاہی تھانہ کنندہ	بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ چونکہ اس پلیہ کے ٹوٹ جانے سے عوام کو سخت تکلیف ہے مرمت کا تخمینہ اول

گشت کرکے صفائی جھاڑو و نالی کا کام دیکھا بہت اچھا پایا۔ البتہ نواب ... متصل کوٹھی جیلر صاحب کوچہ غیر نافذ جانب غرب میں ایک پلیہ ٹوٹ گئی ہے راستہ والوں کو از حد تکلیف ہے	ذریعہ اوورسیر میونسپلٹی مرتب ہو کر آیندہ جلسہ میں پیش ہونا چاہئے۔
۲- نوٹ لالہ ہرنام سنگھ صاحب ممبر مندرجہ کتاب معائنہ متصل شفاخانہ انگریزی جو راستہ حکیم دولہ خان کی طرف کو آیا ہے اوس راستہ میں ایک پلیہ شکستہ ہو گئی ہے آمد و رفت میں لوگوں کو تکلیف ہے اور اندیشہ ہے کہ کوئی راہگیر گر جائے اور اوسکو زائد نقصان پہونچے۔	بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ حکیم دولہ خان کے وہاں کی پلیہ ٹوٹ جانے سے سخت تکلیف ہے اسکی مرمت کا تخمینہ ذریعہ اوورسیر میونسپلٹی مرتب ہو کر جلسہ آیندہ میں پیش کیا جائے۔
۳- کوچہ لال بہاری میں پیش مکان ہنیسری داس مرحوم جو نالی آتی ہے اسکا کچھ حصہ خراب ہو گیا ہے بوقت شب آمد و رفت میں لوگوں کو سخت تکلیف ہے۔	کوچہ لال بہاری پیش مکان ہنیسری داس مرحوم کا موقع اول صاحب میونسپل کمشنر بہادر ملاحظہ فرمالیں۔